سوال

(255)احرام باندھنے کے بعد غسل کے وقت بالوں کا اترنا

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

کیا احرام باندھنے کے بعد بوقت ضرورت غسل کیا جاسکتا ہے ؟ اس دوران اگر کوئی بال وغیرہ اکھڑ جائیں تو اس کا کیا حکم ہے ؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

احرام کا مسنون طریقہ یہ ہے کہ پہلے اچھی طرح غسل کرے، خوشبو لگائے اور احرام کی چادریں پہن لے، نیت کے ساتھ حج یا عمرہ کا تلبیہ بآواز بلند پڑھے۔ اگر احرام باندھنے کے بعد نہانے کی ضرورت پڑجائے تو غسل کرنے میں چنداں حرج نہیں ہے البتہ احتلام ہونے کی صورت میں غسل کرنا ضروری ہے، ٹھنڈک یا صفائی کے لیے بھی غسل کیا جاسکتا ہے، لیکن ہر قسم کے غسل میں خوشبودار صابن سے اجتناب کرے کیونکہ محرم آدمی کو خوشبو استعمال کرنے کی ممانعت ہے، اگر غسل کرتے وقت مردہ بال گرجاتے ہیں تو اس پر کوئی فدیہ یا تاوان نہیں ہوگا البتہ دانستہ طور پر بالوں کو کاٹنا یا اکھاڑنا منع ہے۔ (واللہ اعلم)

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ اصحاب الحدیث

جلد:3، صفحہ نمبر:230

محدث فتویٰ